اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فیصلہ کے سلسلہ میں رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے پر لعنت فرمائی ہے

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فیصلہ کے سلسلہ میں رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے پر لعنت فرمائی ہے

[صحيح] [رواه الترمذي وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے ایسے لوگوں کے حق میں اللہ کی رحمت سے دھتکارے جانے اور دور کر دیے جانے کی بد دعا کی ہے، جو رشوت دیتے اور لیتے ہوں اس کے اندر وہ چیزیں بھی شامل ہیں، جو قاضیوں کو ان فیصلوں کے بارے میں دی جاتی ہیں، جو ان کو کرنا ہوتا ہے اور جس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ دینے والا غلط طریقے سے اپنے حق میں فیصلہ دلوا لے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/64689